”تم اپنے سے پہلے لوگوں کی ضرور پیروی کروگے، بالشت بقدر بالشت اور ہاتھ بقدر ہاتھ (یعنی مکمل) ۔

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”تم اپنے سے پہلے لوگوں کی ضرور پیروی کروگے، بالشت بقدر بالشت اور ہاتھ بقدر ہاتھ (یعنی مکمل) ۔ اگر وہ کسی سانڈے کے بِل میں داخل ہوئے ہوں گے تو تم بھی اس میں گھس جاؤگے“۔ صحابہ کرام نے عرض کیا : یا رسول اللہ! ان سے مراد یہود و نصاریٰ ہیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا : "پھر اور کون؟"

[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم بتا رہے ہیں کہ آپ کے زمانے کے بعد آپ کی امت کے ایک طبقہ کا کیا حال ہونے والا ہے یہ طبقہ عقائد، افعال، عادات اور رسوم و رواج میں یہود و نصاری کی ہو بہو نقالی کرنے لگے گا حال یہ ہوگا کہ وہ اگر سانڈے کے بل میں گھسے ہوں گے، تو یہ بھی ان کے پیچھے پیچھے گھس جائیں گے۔

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3355